خواجہ عبدالمنان راز ایم-اے

تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب : افادات قریشی مرتب : اقبال احمد قریشی

صفحات : ۱۰۴ قیمت دو روپے پچاس پیسے

ملنے کا پتہ :- ماہنامہ قومی صحت پوسٹ بکس نمبر ۱۱۱۴- لاہور

افاداتِ قریشی ماہنامہ قومی صحت کی ایک خصوصی اشاعت ہے جسے کتابی صورت میں شائع کیا گیا ہے اس میں شفاء الملک حکیم محمد حسن قریشی اور حکیم آفتاب احمد قریشی کے معمولات اور دستور العلاج مرتب کیا گیا ہے۔ مختلف اوقات میں ان حضرات کے پاس جو مریض آتے رہتے ہیں ان میں سے چند نمائندہ مریضوں کی کیفیتِ مرض، تشخیص، علاج، تفصیلی نسخہ اور پرہیز و غذا سادہ اور عام فہم زبان میں بیان کی گئی ہے۔ اس کے مطالعہ سے جو چیز خاص طور پر محسوس ہوتی ہے وہ یہ کہ شفاء الملک اور ان کے صاحبزادے جناب آفتاب قریشی کا طریقہ علاج یہ ہے کہ ظاہری مرض کے علاج کی نسبت مرض کے اسباب پر توجہ دیتے ہیں یہاں تک کہ بعض اوقات مریض کو تعجب ہوتا ہے کہ مرض تو کچھ اور ہے اور علاج کسی اور مرض کا کیا جا رہا ہے اس مختصر کتاب میں تقریباً تمام بیماریوں پر بحث کی گئی ہے۔ اطبا اور عوام کے لیے یکساں طور پر مفید اور راہنما کتاب ہے۔

نام کتاب روداد برصغیر مرتب : شمس القمر قاسمی

صفحات ۳۰۷۵ ناشر : تحریر پبلیکیشنز ۵۶ میکلوڈ روڈ لاہور

روداد برصغیر ان تین چار خوبصورت اور دلکش کتابوں میں سے ایک ہے جو سرحد اور بلوچستان میں جمعیۃ العلماء اسلام کے دورِ حکومت میں پنجاب سے شائع ہوئیں۔ اس کتاب میں قیام پاکستان سے قبل برصغیر ہندوستان کی سیاسی، سماجی، معاشی، معاشرتی، تہذیبی اور اخلاقی صورتِ حال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ مسلمان حکمرانوں کے دورِ حکومت کا تقابل و موازنہ ہے مسلمانوں کی رواداری اور انگریزوں کی خونخواری کا تذکرہ پھر انگریزوں کی نجات حاصل کرنے کی جدوجہد کی مختصر داستان ہے۔ موضوع کے لحاظ سے نہایت اہم کتاب ہے لیکن ایک چیز کھٹکتی ہے کہ تحریک آزادی کے متوالے اور جوشیلے حریت کے شیدائی علماء کرام کا ذکر کرتے ہوئے صرف علماءِ دیوبند اور وہ بھی جمعیۃ العلماء ہند سے متعلق علماء کرام کا ذکر کیا گیا ہے۔ اگر کتاب کا عنوان "فرنگی اور جمعیۃ العلماء ہند" ہوتا تو اعتراض کی گنجائش نہ تھی لیکن موجودہ عنوان کے پیش نظر یہ کہنا پڑے گا کہ مرتب نے حریت پسندوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ ہو سکتا ہے کہ مرتب نے حریت پسندوں اور